فوری ریلیز کے لیے: 2023/5/3 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کی مسافروں کے تجربے کو بہتر بنانے کے لیے لانگ آئی لینڈ ریل روڈ خدمت کو تبدیلیوں کی ہدایت***

***پیر، 6 مارچ سے آنے والی تبدیلیوں کے تحت بروکلین کے لیے ٹرینوں میں اضافہ اور پین اسٹیشن کے لیے ٹرینوں کی طوالت بڑھاتے ہوئے، ایسی تمام ٹرینوں کی بوگیوں میں اضافہ ہو گا جو گزشتہ ہفتے اپنی گنجائش سے تجاوز کر گئی تھیں***

***جمائیکا-بروکلین خدمت میں اضافے کا فیصلہ، تاکہ انتظار کے وقت میں کمی لائی جا سکے، نیز جمائیکا میں ابلاغ اور نقل و حرکت میں بہتری کے لیے صارفین کے لیے دستیاب خدمت میں بڑے پیمانے پر توسیع***

***مسافروں کے سفری انداز کی بھرپور نگرانی اور طلب کے مطابق اوقات کار میں ترامیم جاری رکھنے کی ہدایت***

گورنر Kathy Hochul نے آج میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی کو لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کے مسافروں کے سفر کو بہتر بنانے کے لیے ہدایت کی ہے کہ وہ ٹرین کی خدمت میں تبدیلیاں لائیں، جو کل بروزِ پیر، 6 مارچ، سے موثر ہوں گی۔ گورنر کی ہدایت پر، LIRR بروکلین میں پُرہجوم اوقات میں خدمات میں اضافہ کرے گا، پین اسٹیشن کے لیے ٹرین کی طوالت بڑھاتے ہوئے ایسی تمام ٹرینوں میں بوگیوں کی تعداد بڑھائے گا جو گزشتہ ہفتے اپنی گنجائش سے تجاوز کر گئی تھیں، اور جمائیکا میں صارفین کی خدمت کے لیے دستیابی میں اضافہ کیا جائے گا تاکہ مسافروں سے ابلاغ کو بہتر بنایا جائے اور جلدبازی میں ہونے والی نقل و حرکت کو روکا جائے۔

"گرینڈ سینٹرل میڈیسن کا تاریخی افتتاح LIRR کی 100 سالہ خدمات کی تاریخ میں ہونے والی پہلی توسیع ہے، اور نئے ٹرمینل کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے، ہمیں اپنے مسافروں کی ضروریات کو پورا کرنا ہو گا،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "صارفین عالمی معیار کے سفر کے تجربے کا حق رکھتے ہیں، اور یہی وہ ہدف ہے کہ جس کے حصول کی خاطر ہم ان تبدیلیوں کے ذریعے سخت محنت کر رہے ہیں۔ ہم نیو یارک کے باشندگان کو اعلیٰ معیار کی خدمت کی فراہمی، ابلاغ اور خدمت کے تسلسل کے لیے انہیں سننے، نگرانی کرنے اور تبدیلیاں لانے کے لیے پرعزم ہیں۔"

LIRR بروکلین میں پُرہجوم اوقات میں خدمات میں توسیع کے لیے پیر کو ایک اضافی ٹرین شامل کرے گا جبکہ دوسری اضافی ٹرین منگل کو شامل کی جائے گی، جس سے پیر کے دن پُرہجوم اوقات میں جمائیکا-بروکلین شٹل خدمت کے تحت دو ٹرینوں کی آمد کے درمیان کا وقفہ کم ہو کر اوسطاً 8-9 منٹ تک رہ جائے گا جبکہ منگل کو مزید تیز تر خدمت فراہم کی جائے گی۔

مزید برآں، LIRR اپنی گنجائش سے تجاوز کرنے والی ہر ٹرین میں بوگیوں کی تعداد میں اضافہ کر رہا ہے، جس کے تحت پین اسٹیشن پر خدمت فراہم کرنے والی 17 ٹرینوں کی طوالت میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ ذیل میں فہرست کی گئی کل 32 ٹرینوں میں پیر، 6 مارچ سے اضافی بوگیاں ہوں گی، ان میں وہ چار ٹرینیں جن کی طوالت پہلے ہی گزشتہ ہفتے بڑھائی جا چکی ہے، اور پُرہجوم اوقات کے لیے اضافی 11 ٹرینیں شامل ہیں جو ضرورت کے مطابق خصوصاً بڑھائی گئی ہیں۔ اس میں اپنی گنجائش سے تجاوز کر جانے والی ٹرینوں کی طرح وہ ٹرینیں بھی شامل ہیں جو اپنی

گنجائش پوری ہونے کے قریب قریب تھیں۔ بروکلین کے صارفین کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ جمائیکا-اٹلانٹک نئے ٹرمینل میں دستیاب اختیارات کے جائزے کے لیے TrainTime ایپ دیکھیں۔

گورنر نے صارفین کی خدمات کے لیے دستیابی میں اضافے کا بھی حکم دیا، جس میں جمائیکا پر خصوصی توجہ دی جائے، تاکہ نقل و حرکت کے حوالے سے مسافروں کی بروقت معاونت کی جائے، اس میں ایک پلیٹ فارم کنٹرولر کا قیام شامل ہے جو اٹلانٹک ٹرمینل سے روانہ ہونے والی ٹرینوں کے حوالے سے رہنمائی کرے گا تاکہ مسافروں کے آئندہ روانہ ہونے والی ٹرین چھوٹ جانے کے خدشات میں کمی لائی جائے۔ LIRR کی موجودہ کسٹمر سروس سپورٹ کے علاوہ جمائیکا میں 30 اور گرینڈ سینٹرل میڈیسن میں 10 اضافی ملازمین بھرتی کیے گئے ہیں تاکہ منتقلیوں میں مسافروں کی معاونت کی جا سکے۔ MTA بذریعہ TrainTime ایپ، سوشل میڈیا، MTA کی ویب سائٹ، اپنے ڈیجیٹل اسکرین نیٹ ورک، اعلانات اور ای میل، نیز ٹیکسٹ پیغامات کے ذریعے صارفین کو بھیجے جانے والے انتباہات کی شکل میں LIRR کے مسافروں کو تمام پلیٹ فارمز پر اوقات کار میں آنے والی تبدیلیوں سے بھی آگاہ کرتا رہے گا

ان تبدیلیوں کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ پُرہجوم اوقات میں بروکلین کی ٹرینوں کے لیے خدمات سرانجام دینے والے جمائیکا کے پلیٹ فارم پر ایک ٹرین پلیٹ فارم پر کھلے دروازوں کے ساتھ اس وقت تک کھڑی رہے جب تک کہ اس کے مخالف ٹریک پر ایک دوسری ٹرین نہ آ جائے۔ سہ پہر/ شام میں رش کے دوران، ایسا ہی ملتا جلتا نظام اٹلانٹک ٹرمینل پر نافذ العمل ہو گا۔

LIRR ایک مرکزی کنٹرول سینٹر جمائیکا (Jamaica Central Control Center، JCC) چلاتا ہے تاکہ سوار ہونے کی صورتحال اور آپریشنز کی نگرانی کر سکے۔ یہ سوار ہونے والے مسافروں کے بروقت مشاہدے کے قابل بناتا ہے تاکہ یہ اندازہ اور جائزہ لیا جا سکے کہ مستقبل میں کون سی اصلاحات مفید ہو سکتی ہیں۔ گورنر کی ہدایت پر، MTA مسافروں کے مجموعی رجحانات کی نگرانی اور مسافروں کی ضرویات کے مطابق گنجائش یقینی بنانے کے لیے اوقات کار میں متعلقہ تبدیلیاں جاری رکھے گا۔

" گزشتہ ہفتے لائی گئی تبدیلیاں نیز وہ تبدیلیاں جو پیر سے عمل میں آئیں گی، ڈیٹا کی بنیاد پر لائی گئی ہیں تاکہ انتظار کے اوقات میں کمی لائی جا سکے اور ان علاقوں میں جہاں ہجوم اکٹھا ہوتا ہے، اس سے بچا جا سکے،" **لانگ آئی لینڈ ریل روڈ کی عبوری صدر اور میٹرو-نارتھ کی صدر Catherine Rinaldi** نے کہا۔ " ہم کہہ چکے تھے کہ ہم ہر ایک ٹرین اور ہر ایک لائن کو دیکھ رہے ہیں تاکہ یہ جائزہ لے سکیں کہ وہ کون سی جگہیں ہیں کہ جہاں مسافروں کو خدمات کا وہ معیار دستیاب نہیں جس کی وہ اور ہم توقع کرتے ہیں۔ NYC کے مزید ٹرمینلز میں LIRR کی جانب سے ہمیشہ سے کہیں زیادہ خدمات کی فراہمی کے سلسلے کو جاری رکھنے کے ساتھ ساتھ یہ تبدیلیاں، آنے والے دنوں میں زیادہ بہتر تجربے کو یقینی بنانے کے ضمن میں اٹھائے جانے والے اقدامات ہیں۔ ہم سوار ہونے کے رجحانات اور گنجائش کی صورتحال کی نگرانی اور حسبِ ضرورت تبدیلیوں کا سلسلہ جاری رکھیں گے۔"

"ہمیں خوشی ہے کہ LIRR مسافروں کی شکایات کو سنجیدگی سے لے رہا ہے اور خدمات کے نئے منصوبے کے حوالے سے بڑھتی ہوئی مشکلات میں کمی کے لیے تبدیلیاں لانا شروع کر رہا ہے،" **LIRR کونسل برائے مسافران کے چیئرمین Gerard Bringmann نے کہا۔** "طویل تر ٹرینیں بدترین صورتحال میں گنجائش سے زیادہ رش میں کمی لانے میں مدد دیں گی، نیز بروکلین کے لیے ٹرینوں کے درمیانی اوقات میں کمی سواریوں کو کم انتظار کے ساتھ اپنی منزل مقصود تک پہنچنے میں مدد دے گی اور یہ اس ہجوم کے بغیر ہو گا جو کہ ہم دیکھتے آ رہے ہیں۔ ہم LIRR کے ساتھ کام کرنے کے منتظر ہیں تاکہ سواریوں کی جانب سے اٹھائے گئے خدشات سے نمٹنے کے لیے اضافی تبدیلیاں اور بہتریاں لائی جا سکیں۔"

**LIRR ٹرینوں کی لمبائی بڑھائے گا**

گزشتہ ہفتے، LIRR نے پرہجوم صورتحال سے نمٹنے کے لیے چار ٹرینوں کی لمبائی میں اضافہ کیا تھا۔ پیر سے آغاز کرتے ہوئے، LIRR پین اسٹیشن کے لیے صبح کے پُرہجوم اوقات کے لیے سات ٹرینوں کی لمبائی اور شام میں پُرہجوم اوقات کے لیے نو ٹرینوں کی لمبائی میں اضافہ کرے گا۔ یہ تبدیلیاں ایسی کسی بھی ٹرین میں لائی جائیں گی جو گزشتہ ہفتے جمع کیے جانے والے ڈیٹا کے مطابق اپنی گنجائش تک پہنچی یا اس سے تجاوز کیا۔ اضافی بوگیوں کی حامل ٹرینوں کی فہرست کے لیے، ذیل میں دیکھیں۔

نتیجتاً، جب یہ ٹرینیں لانگ آئی لینڈ یا پھر پین اسٹیشن پر واقع اپنی منزل مقصود سے مخالف سمت میں دوبارہ سفر کے لیے پلٹیں گی، تو پہلے بیان کردہ مخصوص اضافے کے ساتھ مجموعی طور پر اضافی گیارہ ٹرینوں میں اضافی بوگیاں ہوں گی، جس سے مسافروں کو فائدہ پہنچے گا۔

ریل روڈ عوام میں پائے جانے والے خدشات سے ممکنہ حد تک جلد از جلد نمٹنے کے لیے خود کو ڈھال رہی ہے، ٹرینوں کی لمبائی میں اضافہ اسی کا حصہ ہے۔ حتیٰ کہ، LIRR ایک دن میں پُرہجوم اوقات کے دوران 16 ٹرینوں کے اپنی گنجائش پوری کرنے جیسی صورتحال میں اس حد تک کمی لا چکا ہے کہ جمعہ 3 مارچ کو پُرہجوم اوقات میں کل 289 ٹرینوں میں صرف ایک ٹرین نے اپنی گنجائش سے تجاوز کیا۔

**خدمت برائے بروکلین**

خدمت برائے بروکلین میں اضافے کا آغاز پیر سے ہو گا، جہاں ایک اضافی ٹرین جمائیکا اور اٹلانٹک ٹرمینل کے درمیان چلے گی اور ایک دوسری ٹرین منگل کے روز خدمت کے لیے فراہم کی جائے گی۔

بروکلین کے صارفین کے لیے دونوں پُرہجوم اوقات کے دوران ٹرینوں کے اضافے سے پیر کے دن انتظار کا اوسط وقت 8-9 منٹ تک کم ہو جائے گا اور منگل کو اس سے زیادہ کم ہو گا، اور اس کا مطلب ہے کہ امکان ہو گا کہ جب بھی مسافر جمائیکا میں پلیٹ فارم پر تشریف لائیں گے، تو ایک ٹرین روانہ ہونے کے لیے تیار ہو گی۔

مزید برآں، بروکلین کے لیے نقل و حرکت کو ہموار بنانے کے لیے، LIRR کے پاس پلیٹ فارم کنٹرولرز ہوں گے جو پلیٹ فارم پر موجود مسافروں کو ٹریک 11 اور 12 جہاں سے بروکلین کے لیے ٹرینیں روانہ ہوتی ہیں، وہاں معاونت دیں گے۔ پلیٹ فارم کنٹرولرز ٹرین کی روانگی کے اوقات کار کا تعین کرتے ہیں۔ جب حالات اجازت دیں گے، تو صبح کے رش کے گھنٹے میں بروکلین کے لیے ٹرین اس وقت تک پلیٹ فارم نہیں چھوڑے گی جب تک کہ ایک دوسری ٹرین مخالف ٹریک پر نہیں آ جاتی نیز توقع ہے کہ ٹرینیں دیگر پلیٹ فارمز سے صارفین کی آمد کے لیے دو منٹ تک انتظار کریں گی۔

**ہفتے کے اختتام پر خدمت**

ہفتہ، 3 مارچ کو، نئے اوقات کار کے تحت خدمات کے اجراء کے بعد ہفتے کے اختتامی روز پہلی بار خدمت کی فراہمی کے موقع پر، LIRR کے پورے نظام میں بروقت کارکردگی کا تسلسل 97.85% رہا، جبکہ اس دوران 697 ٹرینوں نے کام کیا، جو کہ گزشتہ اوقات کار کے مقابلے میں 28% زیادہ تھیں۔ ہفتہ، 25 فروری کو، گزشتہ اوقات کار کے تحت آخری ہفتے کے دن، 544 ٹرینوں کے ساتھ بروقت کارکردگی 97.98% تھی۔

**خدمت برائے گرینڈ سینٹرل میڈیسن**

گزشتہ ہفتے مصروف اوقات کے دوران، 114,153 مسافروں نے گرینڈ سینٹرل میڈیسن کے ذریعے سفر کیا اور یوں پین اسٹیشن کے ذریعے مشرقی جانب واقع منازلِ مقصود کے لیے سفر کے مقابلے میں 38,051 گھنٹوں تک کا کل وقت بچایا۔

**صبح کے مصروف اوقات کے لیے ٹرینیں جن کی لمبائی گزشتہ ہفتے بڑھائی گئی**

- فار راک اوے سے پین اسٹیشن کے لیے صبح 6:26 بجے کی ٹرین
- جمائیکا سے اٹلانٹک ٹرمینل کے لیے صبح 7:07 بجے کی ٹرین
- بے بی لون سے گرینڈ سینٹرل میڈیسن کے لیے صبح 7:15 بجے کی ٹرین
- رونکونکوما سے پین اسٹیشن کے لیے صبح 7:28 بجے کی ٹرین

**پیر، 6 مارچ، 2023 سے مصروف اوقات کے لیے موثر ہونے والی اضافی بوگیوں کی حامل ٹرینیں**

- پورٹ واشنگٹن سے پین اسٹیشن کے لیے صبح 5:29 بجے کی ٹرین
- رونکونکوما سے گرینڈ سینٹرل میڈیسن کے لیے صبح 5:42 بجے کی ٹرین
- لانگ بیچ سے گرینڈ سینٹرل میڈیسن کے لیے صبح 5:49 بجے کی ٹرین

- ہنٹنگٹن سے گرینڈ سینٹرل میڈیسن کے لیے صبح 5:54 بجے کی ٹرین
- وانٹا سے پین اسٹیشن کے لیے صبح 6:15 بجے کی ٹرین
- بے بی لون سے پین اسٹیشن کے لیے صبح 6:31 بجے کی ٹرین
- وانٹا سے پین اسٹیشن کے لیے صبح 6:54 بجے کی ٹرین
- فارمنگ ڈیل سے پین اسٹیشن کے لیے صبح 7:19 بجے کی ٹرین
- رونکونکوما سے پین اسٹیشن کے لیے صبح 7:28 بجے کی ٹرین
- بے بی لون سے پین اسٹیشن کے لیے صبح 7:31 بجے کی ٹرین
- پورٹ واشنگٹن سے پین اسٹیشن کے لیے صبح 7:54 بجے کی ٹرین
- لٹل نیک سے پین اسٹیشن کے لیے صبح 8:20 بجے کی ٹرین
- رونکونکوما سے پین اسٹیشن کے لیے صبح 8:25 بجے کی ٹرین
- بے بی لون سے پین اسٹیشن کے لیے صبح 8:31 بجے کی ٹرین
- پین اسٹیشن سے بے بی لون کے لیے سہ پہر 3:23 بجے کی ٹرین
- پین اسٹیشن سے بے بی لون کے لیے سہ پہر 3:38 بجے کی ٹرین
- پین اسٹیشن سے لانگ بیچ کے لیے سہ پہر 3:48 بجے کی ٹرین
- پین اسٹیشن سے رونکونکوما کے لیے شام 4:01 بجے کی ٹرین
- پین اسٹیشن سے بے بی لون کے لیے شام 4:10 بجے کی ٹرین
- پین اسٹیشن سے وانٹا کے لیے شام 4:37 بجے کی ٹرین
- پین اسٹیشن سے پورٹ واشنگٹن کے لیے شام 5:07 بجے کی ٹرین
- پین اسٹیشن سے بے بی لون کے لیے شام 5:16 بجے کی ٹرین
- پین اسٹیشن سے وانٹا کے لیے شام 5.19 بجے کی ٹرین
- پین اسٹیشن سے پورٹ واشنگٹن کے لیے شام 5:52 بجے کی ٹرین
- گرینڈ سینٹرل میڈیسن سے ہیمپسٹیڈ کے لیے شام 6:03 بجے کی ٹرین
- پین اسٹیشن سے بے بی لون کے لیے شام 6:57 بجے کی ٹرین
- گرینڈ سینٹرل میڈیسن سے ہنٹنگٹن لیے شام 7:04 بجے کی ٹرین
- پین اسٹیشن سے پورٹ واشنگٹن کے لیے شام 7:35 بجے کی ٹرین

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov

ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں